© rasailojaraid.com



زیادہ ہونا مطلوب شرعی وفرض ہے، اسی مؤدت کو بڑھانے کیلئے آپ کی جمیلہ وخصائل حمیدہ جو ہر دل عزیز ہیں۔اس غرض کے لئے شیخ التفسیر والحدیث مولانا قاضی فضل اللہ صاحب نے محمد رسول اللہ المعروف بہ سیرۃ الرسول مرتب کی، جونہایت جامع اور مختصر سیرت ہے جسے ہزار کتابوں کی ورق گردانی سے حاصل کیا جاتا ہے۔کتاب کے مرکزی مضامین عرب اسلام سے پہلے اور بعد ،تاریخ عرب،قبائل عرب،اقسام عرب، تاریخ قریش، جہلائے عرب میں آپ ؐ کی پیدائش ،دن وموسم ،قبل النبوت آپ ؐ کی صفات ، پہلی وحی اور لفظ اقراء میں سیر حاصل بحث،دعوت وطریقہ دعوت، تذکرہ یار غار واصحاب، اسلام میں صحابہ پر مشکلات قرآنی آیات کی روشنی میں ،ہجرت حبشہ، سفر طائف ویثرب،واقعہ اسراء والمعراج میں واقع اشکالات کے بہترین جوابات جسمانی ہونے پر دلائل اوردفع تعارض، بیعت عتبہ اولیٰ رؤیا پر تحقیق ،ہجرت مدینہ ،تعمیر مسجد قباء، دنیائے انسانیت میں سب سے پہلے لکھا جانے والا آئین میثاق مدینہ، تحویل قبلہ، اذان، رمضان اور غزوات وسرایا وغیرہ شامل ہیں۔ یہ کتاب بہترین ٹائٹل ،مضبوط جلد بندی، اعلیٰ کاغذ پر مشتمل ہے۔قاضی صاحب کی یہ کتاب قابل صد تحسین ہے لیکن اگر حوالہ جات اور مصادر ذکر کرتا تو معیار کتاب میں مزید اضافہ کرتا۔ اللہ تعالیٰ انکی اس کاوش کو قبول خاص وعام فرمائے۔ (مبصر: حزب اللہ جان)

## ● قرآنی صفوۃ المصادر ............ مؤلف: مولانا محمد طارق

ضخامت: ۲۶۴ صفحات ناشر: مکتبہ الرحمت خان پور ضلع رحیم یار خان

علم صَرف میں مولانا مشتاق احمد چرتاویؒ کی کتاب صفوۃ المصادر درس نظامی میں معروف ومشہور ہے۔ بیشتر اساتذہ وطلباء اسے ایک معاون کتاب کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔ مقام شکر ہے کہ مولانا محمد طارق مدرس جامعہ عبداللہ ابن مسعود خانپور نے صفوۃ المصادر کے طرز پر قرآنی صفوۃ المصادر ترتیب دی جس میں علم صَرف کے مصادر قرآن مجید میں مستعمل ہیں ان تمام ابواب کے مصادر کو ہفت اقسام کی ترتیب پر جمع کیا گیا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ تمام افعال قرآنی اور اسماء قرآنی کے مصادر بھی دئے گئے ہیں۔ جید علماء کرام کی تقریظات سے مزین یہ کتاب علم صرف سے شغف رکھنے والا اساتذہ کرام وطلباء کیلئے قیمتی تحفے سے کم نہیں۔ کتاب حاصل کرنے کیلئے اس نمبر پر رابطہ کیجئے 0333-7335521

## ● راہزن ................ مرتب: مولانا طیب طوفانی

ضخامت: ۸۰ صفحات ناشر: الحسن اکیڈمی سرائےنورنگ ضلع لکی مروت

مولانا طیب طوفانی نوجوان عالم دین اور ختم نبوت کے متحرک کارکن ہیں، زیر تبصرہ کتابچہ راہزن انہوں نے چند متجد دین کی رد میں بعض اہل علم کے مضامین کو جمع کیا ہے جس میں مولانا مفتی سعید احمد

© rasailojaraid.com